2017年5月3日ジャング紙ラホール版1面

نشتر کالونی غیرت کے نام پر چارسدہ کے رہائشی میاں بیوی قتل

بچہ اغوا کے بعد بازیاب، پسند کی شادی کرنیوالے ضمیر اور کائنات پر لڑکی کے چچا نے فائرنگ کی، ملزم گرفتار

لاہور (کرائم رپورٹر سے، مانیٹرنگ سیل) نشتر کالونی میں مبینہ طور پر غیرت کے نام پر میاں بیوی کو فائرنگ کرکے قتل کر دیا گیا، ملزمان راہگیر سے موٹر سائیکل چھین کر فرار ہوئے اور جاتے ہوئے مقتولین کا کمسن بچہ بھی اغواء کرکے لے گئے، تاہم پولیس نے مرکزی ملزم کو گرفتار کر لیا، ملزم نے اعتراف جرم کر لیا اور مقتول جوڑے کا ڈھائی سالہ بچہ بھی بازیاب کرالیا گیا۔ پولیس کے مطابق نشتر کالونی میں نامعلوم ملزمان نے پسند کی شادی کرنیوالے چارسدہ کے رہائشی ضمیر کو گھر کے باہر اور اس کی بیوی کائنات کو گھر میں فائرنگ کرکے موت کے گھاٹ اتار دیا۔ اہل علاقہ کے مطابق ملزمان راہگیر عمران سے موٹر سائیکل چھین کر فرار ہوئے اور مقتول میاں بیوی کے کمسن بچے کو بھی اغوا کرکے لے گئے۔ اطلاع ملتے ہی پولیس نے لاشیں پوسٹمارٹم کے لئے مردہ خانے منتقل کرکے تحقیقات شروع کر دی، پولیس کا کہنا ہے کہ دونوں میاں بیوی ڈیڑھ سال قبل لاہور آئے جن کی شادی کا لڑکی کائنات کے چچا کو رنج تھا، مبینہ طور پر اسی نے ساتھیوں کی مدد سے فائرنگ کرکے دونوں کو قتل کر دیا۔